سوال

(763) مصروفیت کے ساتھ قرآنی تلاوت سننا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض دفعہ میں زیادہ وقت باورچی خانہ میں گزارتی ہوں کیونکہ اپنے خاوند کےلیے کھانا تیار کرنا ہوتا ہے اوراپنے اس وقت سے فائدہ حاصل کرتے ہوئے میں قرآن مجید سننا چاہتی ہوں چاہے وہ ٹیپ سے ہویا ٹیلی ویژن سے توکیا میرا یہ عمل ٹھیک ہے؟ یا میرے لیے ایسا کرنا غیر مناسب ہے؟ کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

وَإِذا قُرِئَ القُرءانُ فَاستَمِعوا لَهُ وَأَنصِتوا لَعَلَّكُم تُرحَمونَ ٢٠٤ ... سورة الاعراف

"اورجب قرآن پڑھا جائے تواسے کان لگا کر سنواورچپ رہوتاکہ تم پر رحم کیا جائے۔"

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان کے مشغول ہوتے ہوئے ٹیپ یا ٹیلی ویژن سے قرآن کریم سننے میں کوئی حرج نہیں اس کا اس فرمان سے کوئی اختلاف نہیں کہ "فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنصِتُوا" غور سے سنواور خاموش ہو جاؤ) کیونکہ "انصات" (خاموش رہنا) حتی الامکان مقصود ہے اورجو کسی کام میں مصروف ہو وہ اپنی طاقت کے مطابق قرآن کےلیے خاموشی ہی رہے

هذا ما عندي والله اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 672

محدث فتویٰ